لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ ڈاکٹر عبدالحکیم خانصاحب و کپتان منظور محمود صاحب	۱
۲	عطایا در رسالہ منصب ہائے عہدہ فوجی	۲
۳	عہدہ منشیگی شفیع احمد صاحب عبدالغنی خانصاحب	"
۴	بابت وکالات گورنمنٹ	"
۵	رخصت ہادی پرشاد ملازم خزانہ	"
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	"

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۴ نومبر سنہ ۱۹۲۳ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

ڈاکٹر عبدالحکیم خان اور کپتان منظور محمود کی تنخواہ مین مبلغ پچاس پچاس روپیہ ماہوار اضافہ یکم نومبر سنہ ۱۹۲۳ء سے کیا جاوے ان دونون کے اضافہ کا وعدہ ہو چکا تھا۔ احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۳ر نومبر ۱۹۲۳ء

انتظام جدید متعلق افواج ریاست ہٰذا عنقریب عمل میں آنے والا ہے۔ اسیکے سلسلہ میں منصلہ ذیل ہیڈکوارٹرز اسٹاف قایم کیا جاتا ہے۔

(۱) بریگیڈ کمانڈر۔ جسکا رینک کرنل کمانڈنٹ ہوگا۔ اور جو کل زمرہ ہائے فوج پر کمانڈ کریگا۔

(۲) بریگیڈ میجر۔ جسکا رینک میجر ہوگا۔ اور جو ماتحتی بریگیڈ کمانڈر جملہ خدمات متعلق دفتر فوجی انجام دیگا۔

کرنل محمد علی خان بہادر کو کرنل کمانڈنٹ کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ اور آئندہ وہ کرنل کمانڈنٹ محمد علی خان بہادر بریگیڈ کمانڈر کے نام سے موسوم ہونگے۔
لفٹنٹ عطاء الرحمن کو میجر کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ اور وہ آئندہ میجر عطاء الرحمن بریگیڈ میجر کے نام سے موسوم ہونگے اور تین سو روپیہ ماہوار علاوہ تنخواہ پائینگے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور یہ روبکار درج گزٹ کیا جاے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۶ر نومبر ۱۹۲۳ء

عہدہ میر منشی محکمہ دارالانشا کے واسطے خاص ہے۔ اجلاس ہمایون کے اہلکار پیشی کو حسب دستور قدیم سررشتہ دار صدر کے لقب سے موسوم کیا جاتا ہے۔

(۱) منشی بانکے بہاری لال میر منشی دارالانشا رہیں گے۔

(۲) چونکہ میجر عطاء الرحمن کا تبادلہ صیغہ فوج میں ہوگیا۔ منشی شفیع احمد سررشتہ دار صدر اور منشی رشید علی خان اسسٹنٹ سررشتہ دار صدر مقرر کیے جاتے ہیں منشی بانکے لال بدستور نائب سررشتہ دار صدر رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ روبکار درج گزٹ کیا جائے۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
واقع ۲۵ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

بنظر مصالح انتظامی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کوئی دکان کسی قسم کا گوشت فروخت کرنے کے لئے باستثناء دکانات مندرجہ نقشہ شہر میں کسی جدید جگہ پر اسوقت تک ہرگز نہ قایم کیجائے جبتک کہ اجلاس ہٰذا سے حسب قاعدہ حکم منظوری حاصل نہ کرلیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بترسیل روبکار ہٰذا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے لکھا جائے کہ حکم ہٰذا سے جملہ قصابان وغیرہ قصابان شہر کو اطلاع دیجائے اور ایک نقل اس روبکار کی فائل بک اجلاس میں چسپاں کیجائے اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر
رخصت
۳ر نومبر ۱۹۲۳ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر دیبی پرشاد اہلمد خزانہ کی بسلسلہ سابق ایک ماہ کی رخصت اور منظور کی گئی۔ منوہن لال معاون ذمہ داری کے ساتھ دیبی پرشاد کا کام انجام دینگے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ نومبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۷ ۸ ر		۹ ۸ ر		۴ ۸ ر	
نخود خالص		۱۴ ۱۰ ۸ ر		۷ ۱ ۸ ر		۱۶ ۸ ر	
نخود کسر آمیز		۱۶ ۸ ر		۲۰ ۸ ر		۱۷ ۸ ر	
کسر		۱۶ ۸ ر		۱۲ ۸ ر		۱۸ ۸ ر	
ماش	.	۸ ۸ ر		.		۷ ۸ ر	
مونگ				.		۶ ۸ ر	
مکا				۱۴ ۱۰ ۸ ر		۱۶ ۸ ر	
جئی				۱۶ ۸ ر		۱۲ ۸ ر	
ترجئی						۱۲ ۸ ر	
خشخاش		.		.		۱۳ ۸ ر	
ارہر		.		.		۱۲ ۸ ر	
برنج		۲ ۸ ر		۶ ۸ ر		۱۰۶ ۸ ر	
روغن زرد		۰ ۸ ر		۰ ۸ ر		۰ ۸ ر	
روغن سیاہ		۷ ۸ ر		۱۰ ۸ ر		۷ ۸ ر	
روغن کنجد		۱ ۸ ر		۳ ۸ ر	.	۱ ۸ ر	
نمک سانبھر		۷ ۸ ر		۷ ۸ ر		۷ ۸ ر	
نمک لاہوری		۶ ۸ ر		۵ ۸ ر		۷ ۸ ر	
قند سیاہ		۳ ۸ ر		۳ ۸ ر		۵ ۸ ر	
باجرہ		.		.		۱۰ ۸ ر	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور